© rasailojaraid.com

مدیر الحق سے حقانیہ کے نصاب تعلیم افغانستان کی صورتحال اور پاکستان اور عالم اسلام کی مجموعی صورتحال پر سیر حاصل گفتگو کی۔

عالمی قراء کی دار العلوم آمد اور ایوان شریعت ہال میں قرأت

دار العلوم حقانیہ ایک عالمی ادارہ ہے جہاں سیاسی' مذہبی اور علمی اور عالمی شخصیات وقتاً فوقتاً تشریف لاتی رہتی ہیں۔ اسی سلسلے میں ان دنوں پاکستان کے دورے پر بین الاقوامی قراء کی ایک جماعت پاکستان آئی ہوئی ہے انہوں نے مختلف شہروں میں فن قرأت کا مظاہرہ کیا۔ اس سلسلے میں آپ حضرات دار العلوم بھی تشریف لائے اور حضرت مولانا شیر علی شاہ صاحب مدظلہ کی معیت میں ایوان شریعت ہال میں طلباء دار العلوم کے سامنے فن قرأت کا شاندار مظاہرہ کیا۔ ان قراء حضرات میں سب سے نمایاں عالم اسلام کے ممتاز و مشہور قاری عبد الباسطؒ کے صاحبزادے قاری یاسر عبد الباسط عبد الصمد۔ شیخ قاری عبد اللطیف مدرس مسجد نبوی اور ایران' مصر' سعودی عرب اور پاکستان کے معروف قراء بھی شامل وفد تھے۔ ان لوگوں نے دار العلوم میں کچھ وقت گزارا اور دار العلوم کی کارکردگی کو سراہا۔

دار العلوم کے اساتذہ کرام کا سفر حج:

استاد حدیث حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب مدظلہ' مولانا حامد الحق' مدیر الحق مولانا حافظ راشد الحق بمعہ اہل و عیال و مولانا حافظ عرفان الحق' مولانا حافظ لقمان الحق اور دار العلوم کے قدیم خادم محمد شریف وغیرہ نے اس سال حج کی سعادت حاصل کی۔ آپ حضرات گزشتہ ماہ کی مختلف تاریخوں میں خیر و عافیت کے ساتھ وطن واپس تشریف لائے۔

دار العلوم کے طلباء کا دوسرا امتحانی جائزہ:

اساتذہ کرام کی مشاورت سے امتحانات کے بارے میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ بجائے سہ ماہی اور ششماہی امتحانات کے ایک امتحان طلبہ سے وسط سال میں لیا جائے گا۔ اور متبادل کے طور پر ہر ماہ طلباء کی استعداد اور کوشش و محنت کا جائزہ لینے کے لئے ہر ماہ ایک تفصیلی ٹسٹ امتحان لیا جائے گا۔ چنانچہ ۱۱' ۱۲/ مارچ کو دار العلوم کے تمام درجات کا جائزہ امتحان لیا گیا تاکہ طلباء امتحان کی تیاری کے سلسلے میں غافل نہ ہوں اور ان کی تیاری جاری ہے۔

دار العلوم کے انتہائی مخلص جناب میاں حضران بادشاہ صاحبؒ کے لئے دعائے صحت کی اپیل

دار العلوم کے انتہائی قدیم' مشفق اور مخلص جناب میاں حضران صاحب ان دنوں لاہور کے ایک ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ آپ کے دل کا بائی پاس کا آپریشن ہوا ہے۔ الحمد للہ اب طبیعت پہلے سے کافی بہتر ہے۔ قارئین الحق اور دار العلوم کے فضلاء سے آپ کیلئے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اس کے علاوہ دار العلوم کے سابق شعبہ حفظ کے مدرس قاری رمضان صاحب کی والدہ ماجدہ کا انتقال گزشتہ دنوں ہوا۔ مرحومہ کیلئے رفع درجات کیلئے دعا ہے۔

© rasailojaraid.com